سلسلۂ تصوف نمبر (۱۳۶)

اردو ترجمہ کتاب

حضرات القدس

دفتر دوم

من تصنیف ملا بدر الدین سرہندی رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی
حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

جس کا

مولانا عرفان احمد خاں صاحب انصاری قادری چشتی نے مولانا احمد حسین خاں صاحب
نقشبندی مجددی قادری امروہی کے ایما سے ترجمہ فرمایا

جسکو

ملک فضل الدین ملک چنن الدین ملک تاج الدین ککے زئی تاجران کتب قومی

منزل نقشبندیہ

کوچہ ککے زئیاں ——— بازار کشمیری

لاہور نے

بصرف زر کثیر دوبارہ اردو ترجمہ کرا کر نہایت صحت و صفائی کے ساتھ
طالبان دربار مجددیہ نقشبندیہ کیلئے
مشہور عالم پریس لاہور باہتمام پنڈت گنگا داس کے چھپوایا

طبع اول ——— (تعداد ۱۰۰۰) ——— قیمت [illegible]

دوسری سے زیادہ افادہ ہو سکتا ہے۔ لیکن وہ شخص کہ منکر اس بزرگ کا ہے یا وہ بزرگ اس سے ناراض ہے تو ہر چند ذکر الٰہی جلّ شانہٗ میں مشغول رہے۔ مگر حقیقت میں وہ رشد و ہدایت سے محروم رہے گا کہ اُس کا یہ انکار و آزار راہِ فیض کو مسدود کر دیتا ہے بغیر اس کے کہ وہ بزرگ اُس کو فیض نہ دینے کا یا اُس کے ضرر کا قصد کرے حقیقت ہدایت اس سے مفقود ہو جاتی ہے۔ صرف صورتِ رشد باقی رہتی ہے اور ظاہر ہے کہ صورتِ بے معنی قلیل النفع ہے جو جماعت کہ اُس بزرگ سے اخلاص و محبت رکھتی ہے ہر چند کہ توجہ مذکور اور ذکر سے خالی ہو مگر اُن کو بواسطہ مجردِ محبت نورِ ہدایت پہنچتا ہے ۔

درجہ آنجناب کو سات درجہ متابعت حضرت رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت صلعم کے خصائص عظیمہ سے ہے مشرف کیا گیا۔ تفصیل سات درجوں کی آپ کے مکتوبات کے دفتر دوم کے پچاسویں مکتوب میں مذکور ہے وہاں ملاحظہ کریں ۔

درجہ - آنجناب پر مشارب متعدد اوات انبیا علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات اور اُن کے مبادی تعینات اور ہر ایک کی نسبت اللہ تعالےٰ کے ساتھ یعنی محبیت و محبوبیت و خلّت اور اسی طرح اُن سالکوں کی جو کسی نبی کے زیر قدم ہوں مکشوف کی گئی تھی۔ نیز ان مشارب میں ہر ایک کا تفاوتِ قدم بھی ظاہر کیا گیا تھا ۔

چنانچہ آپ فرماتے تھے کہ فلاں شخص ولایت موسوی علیہ السلام میں اور فلاں ولایت عیسوی علیہ السلام میں اور فلاں محمدی المشرب ہے اور فلاں قریب نقطۂ مرکز فلاں ولایت اور فلاں قریب اُس کے دائرہ کے ہے و امثال ذالک۔ یہ آنجناب کے خصائص عظیمہ اور مقاماتِ جسیمہ سے ہے ۔

درجہ تعین وجودی کو اب تک کسی عارف نے اس کے متعلق لب کشائی نہ کی - آنجناب پر ظاہر کیا گیا اور اس مرتبۂ بالغہ کے اسرار و برکات سے ممتاز کیا گیا۔ اس کی تفصیل مکتوب آنجناب رحمۃ اللہ علیہ کے جلد سوم کے مکتوب (۸۹) میں مذکور ہے ۔

درجہ - آنجناب کو اسرار علوم قلوب خمسہ عطا فرمائے گئے تھے خصوصاً مرتبہ علیا سے جو قلب پنجم سے متعلق ہے۔ یہ مرتبہ مراتب قریب میں اعلےٰ اور منتہا کے منازل ہے۔ اور آنجناب کے خصائص سے ہے۔ آپ مرتبۂ نہایت حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم پر فائض فرمائے گئے۔ اور اس مقام پر کہ جس سے بالا اور کوئی مقام نہیں ہے